سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات2022

ہفتہ،22-اکتوبر2022

(یوم السبت،25-ربیع الاوّل1444 ھ)

سترہویں اسمبلی: اکتالیسواں اجلاس

جلد41 : شمارہ 35

2159

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 22-اکتوبر 2022

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سرکاری کارروائی

رپورٹوں کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

1- **ایک وزیر** لاہور اورنج لائن میٹرو ٹرین پراجیکٹ (والیم-ii) کی تعمیر پر ایچ یو ڈی اینڈ پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ ٹرانسپورٹ حکومت پنجاب کی سپیشل آڈٹ رپورٹ، برائے آڈٹ سال 19-2018 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

2- **ایک وزیر** کینال بنک روڈ اور چاؤ بُرجہ انڈر پاس لاہور کی توسیع پر ایچ یو ڈی اینڈ پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کی پراجیکٹ آڈٹ رپورٹ، برائے آڈٹ سال 2019-2018 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

3- **ایک وزیر** حکومت پنجاب کے مالی گوشوارہ جات برائے مالی سال 2019-2018 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

4- **ایک وزیر** خودکار کرایہ اکٹھا کرنے اور بس شیڈولنگ سسٹم پر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی (پی ایم اے)، محکمہ پنجاب ٹرانسپورٹ کی انفارمیشن سسٹم آڈٹ رپورٹ برائے، آڈٹ سال 20-2019 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

5- **ایک وزیر** کووڈ-19 (Covid-19) سے متعلقہ اخراجات برائے مالی سال 20-2019 کے حسابات پر حکومت پنجاب کی سپیشل آڈٹ رپورٹ، برائے آڈٹ سال 21-2020 ایوان کی میز رکھیں گے۔

6- **ایک وزیر** حکومت پنجاب کے حسابات کی مدبندی برائے مالی سال 18-2017 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

2161

صوبائی اسمبلی پنجاب

سترہویں اسمبلی کا اکتالیسواں اجلاس

ہفتہ ،22۔اکتوبر2022

(یوم السبت،25۔ربیع الاوّل1444 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر ز لاہور میں شام 5 بج کر10منٹ پر جناب سپیکر جناب محمد سبطین خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری رمضان قادر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بِسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿١٥﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٧﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ
الْاُوْلٰى ﴿١٨﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿١٩﴾

سورۃ الاعلیٰ (آیات نمبر14 تا19)

مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا(14) اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا(15) مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو (16) حالاں کہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے (17) یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے (18) (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں(19)

وماعلینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبولﷺ الحاج اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبولﷺ

کرم آج بالا اے بام آگیا ہے
زبان پر محمد ﷺ کا نام آگیا ہے
مزہ جب ہے سرکار محشر میں کہہ دیں
وہ دیکھو ہمارا غلام آگیا ہے
مجھے مل گئی دونوں عالم کی شاہی
میرا اُن کے منگتوں میں نام آگیا ہے
میرے پاس کچھ بھی نہ تھا روز محشر
نبی کا وسیلہ ہی کام آگیا ہے

جناب سپیکر: جی، اب ہم قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرتے ہیں۔۔۔

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، ایک منٹ آپ کو ابھی ٹائم دیتا ہوں۔ اب ہم قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرتے ہیں جس کو سینئر وزیر برائے ہاؤسنگ شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ / صنعت، تجارت و سرمایہ کاری، فنی ترقی (میاں محمد اسلم اقبال)، جناب عثمان احمد خان بزدار ،وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ (میاں محمود الرشید)، وزیر امداد باہمی، تحفظ ماحول وپارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجہ)، وزیر توانائی / خوراک (سردار حسنین بہادر)، چودھری ظہیر الدین ، جناب احمد خان ، جناب عمر آفتاب، وزیر مواصلات و تعمیرات (جناب علی افضل ساہی) اوروزیر یوتھ افیئرز ، سپورٹس / ثقافت (ملک تیمور مسعود) ایک قرار داد پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں محرک اپنی تحریک پیش کریں۔ جی، جناب عثمان احمد خان بزدار!

قواعد کی معطلی کی تحریک

جناب عثمان احمد خان بزدار: جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

" قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 و دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کرکے ملک کے سب سے مقبول وسیاسی لیڈر و ہر دل عزیز راہنما کی کٹھ پتلی الیکشن کمیشن کے ذریعے غیر قانونی نااہلی کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

جناب سپیکر: یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

" قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 و دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کرکے ملک کے سب سے مقبول وسیاسی لیڈر و ہر دل عزیز راہنما کی کٹھ پتلی الیکشن کمیشن کے ذریعے غیر قانونی نااہلی کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

" قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 و دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے ملک کے سب سے مقبول و سیاسی لیڈر و ہر دل عزیز راہنما کی کٹھ پتلی الیکشن کمیشن کے ذریعے غیر قانونی نااہلی کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک منظور ہوئی)

قرارداد

ایوان کا سابق وزیر اعظم جناب عمران خان کے خلاف الیکشن کمیشن کے غیر آئینی فیصلہ دینے پر چیف الیکشن کمیشن کو ہٹانے کا مطالبہ

(معزز ممبران حزب اختلاف اپنی سیٹوں سے اُٹھ کر جناب سپیکر کے ڈائس کے سامنے آ گئے، وہاں آ کر احتجاج، نعرے بازی اور سیٹیاں بجانا شروع کر دیں)

جناب عثمان احمد خان بزدار: جناب سپیکر! میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

"الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کل جو فیصلہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیر اعظم پاکستان جناب عمران خان کے خلاف سنایا وہ سراسر بد دیانتی اور بد نیتی پر مبنی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف پاکستان کی واحد وفاقی و جمہوری جماعت اور وفاق کی علامت ہے جس کی نمائندگی چاروں صوبوں سمیت دو اکائیوں کے اندر بھی موجود ہے۔ بنیادی طور پر اس طرح کے فیصلے کا مقصد وفاق کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ جو کہ تحریک انصاف کے چیئرمین کو صادق اور امین قرار دے چکی ہے جو الیکشن کمیشن کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے۔ الیکشن کمیشن کا یہ فیصلہ پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ کے ان فیصلوں کے خلاف ہے جن میں اعلیٰ عدلیہ یہ قرار دے چکے ہیں کہ (F)(1)62 کے تحت Declaration کے فیصلے Court of Law دے سکتی ہے اور الیکشن کمیشن کوئی Court of Law نہیں ہے۔

چند روز پہلے پورے ملک کے اندر ضمنی الیکشن کے نتائج نے ثابت کیا کہ اس ملک کی یکجہتی اور وفاق کی علامت اگر کوئی ہے تو لیڈر عمران خان ہے۔امپورٹڈ حکومت اس ذلت آمیز شکست کے بعد اب الیکشن کمیشن کے ذریعے عمران خان کو سیاسی میدان سے باہر رکھنا چاہتی ہے اور سیاسی میدان میں عمران خان کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن ان کا یہ خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو گا۔الیکشن کمیشن کا فیصلہ 22 کروڑ عوام کے منہ پر ایک طمانچہ ہے،جب ہرا نہیں سکتے تو minus کرنے چل پڑے۔یہ فیصلہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔یہ ایوان اس فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان بند کمروں میں ہونے والی سازشوں کے ذریعے ملک کی ایسی بڑی جماعت جو وفاق پر یقین رکھتی ہے بلکہ آئین اور قانون کی پاسداری کو اپنا فرض سمجھتی ہے کے لیڈر کو غیر آئینی طور پر نااہل کرنے پر نہ صرف شدید احتجاج کرتا ہے بلکہ اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور یہ بات بھی پریشان کن ہے کہ ابھی تک فیصلے کا متن جاری نہیں کیا گیا اور کہا جا رہا ہے کہ ایک ممبر نے فیصلے پر sign نہیں کئے جب فیصلے پر sign ہی نہیں تو قانونی کیسے کہا جا سکتا ہے۔لہٰذا یہ ایوان اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کو فوری طور پر ان کے عہدے سے ہٹایا جائے اور ان کی جگہ کسی غیر جانبدار شخص کو چیف الیکشن کمشنر مقرر کیا جائے۔" شکریہ

جناب سپیکر: یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کل جو فیصلہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان کے خلاف سنایا وہ سراسر بد دیانتی اور بدنیتی پر مبنی ہے۔پاکستان تحریک انصاف پاکستان کی واحد وفاقی و جمہوری جماعت اور وفاق کی علامت ہے جس کی نمائندگی چاروں صوبوں سمیت دو اکائیوں کے اندر بھی موجود ہے۔بنیادی طور پر اس طرح کے فیصلے کا مقصد وفاق کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔سپریم کورٹ آف پاکستان کا

فیصلہ جو کہ تحریک انصاف کے چیئرمین کو صادق اور امین قرار دے چکی ہے جو الیکشن کمیشن کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے۔ الیکشن کمیشن کا یہ فیصلہ پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ کے ان فیصلوں کے خلاف ہے جن میں اعلیٰ عدلیہ یہ قرار دے چکے ہیں کہ 62(1)(F) کے تحت Declaration کے فیصلے Court of Law دے سکتی ہے اور الیکشن کمیشن کوئی Court of Law نہیں ہے۔

چند روز پہلے پورے ملک کے اندر ضمنی الیکشن کے نتائج نے ثابت کیا کہ اس ملک کی یکجہتی اور وفاق کی علامت اگر کوئی ہے تو لیڈر عمران خان ہے۔ امپورٹڈ حکومت اس ذلت آمیز شکست کے بعد اب الیکشن کمیشن کے ذریعے عمران خان کو سیاسی میدان سے باہر رکھنا چاہتی ہے اور سیاسی میدان میں عمران خان کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن ان کا یہ خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو گا۔ الیکشن کمیشن کا فیصلہ 22 کروڑ عوام کے منہ پر ایک طمانچہ ہے، جب ہرا نہیں سکتے تو minus کرنے چل پڑے۔ یہ فیصلہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ یہ ایوان اس فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان بند کمروں میں ہونے والی سازشوں کے ذریعے ملک کی ایسی بڑی جماعت جو وفاق پر یقین رکھتی ہے بلکہ آئین اور قانون کی پاسداری کو اپنا فرض سمجھتی ہے کے لیڈر کو غیر آئینی طور پر نااہل کرنے پر نہ صرف شدید احتجاج کرتا ہے بلکہ اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور یہ بات بھی پریشان کن ہے کہ ابھی تک فیصلے کا متن جاری نہیں کیا گیا اور کہا جا رہا ہے کہ ایک ممبر نے فیصلے پر sign نہیں کئے جب فیصلے پر sign ہی نہیں تو قانونی کیسے کہا جا سکتا ہے۔ لہٰذا یہ ایوان اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کو فوری طور پر ان کے عہدے سے ہٹایا جائے اور ان کی جگہ کسی غیر جانبدار شخص کو چیف الیکشن کمشنر مقرر کیا جائے۔"

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

" الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کل جو فیصلہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان کے خلاف سنایا وہ سراسر بد دیانتی اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف پاکستان کی واحد وفاقی و جمہوری جماعت اور وفاق کی علامت ہے جس کی نمائندگی چاروں صوبوں سمیت دو اکائیوں کے اندر بھی موجود ہے۔ بنیادی طور پر اس طرح کے فیصلے کا مقصد وفاق کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ جو کہ تحریک انصاف کے چیئرمین کو صادق اور امین قرار دے چکی ہے جو الیکشن کمیشن کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے۔ الیکشن کمیشن کا یہ فیصلہ پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ کے ان فیصلوں کے خلاف ہے جن میں اعلیٰ عدلیہ یہ قرار دے چکے ہی کہ 62(1)(F) کے تحت Declaration کے فیصلے Court of Law دے سکتی ہے اور الیکشن کمیشن کوئی Court of Law نہیں ہے۔

چند روز پہلے پورے ملک کے اندر ضمنی الیکشن کے نتائج نے ثابت کیا کہ اس ملک کی یکجہتی اور وفاق کی علامت اگر کوئی ہے تو لیڈر عمران خان ہے۔ امپورٹڈ حکومت اس ذلت آمیز شکست کے بعد اب الیکشن کمیشن کے ذریعے عمران خان کو سیاسی میدان سے باہر رکھنا چاہتی ہے اور سیاسی میدان میں عمران خان کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن ان کا یہ خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو گا۔ الیکشن کمیشن کا فیصلہ 22 کروڑ عوام کے منہ پر ایک طمانچہ ہے، جب ہرا نہیں سکتے تو minus کرنے چل پڑے۔ یہ فیصلہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ یہ ایوان اس فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان بند کمروں میں ہونے والی سازشوں کے ذریعے ملک کی ایسی بڑی جماعت جو وفاق پر یقین رکھتی ہے بلکہ آئین اور قانون کی پاسداری کو اپنا فرض سمجھتی ہے کے لیڈر کو غیر آئینی طور پر نا اہل کرنے پر نہ صرف شدید احتجاج کرتا ہے بلکہ اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور یہ بات بھی پریشان کن ہے

کہ ابھی تک فیصلے کا متن جاری نہیں کیا گیا اور کہا جا رہا ہے کہ ایک ممبر نے فیصلے پر sign نہیں کئے جب فیصلے پر sign ہی نہیں تو قانونی کیسے کہا جا سکتا ہے۔لہٰذا یہ ایوان اس فیصلے کو مسترد کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کو فوری طور پر ان کے عہدے سے ہٹایا جائے اور ان کی جگہ کسی غیر جانبدار شخص کو چیف الیکشن کمشنر مقرر کیا جائے۔"

(قرارداد منظور ہوئی)

(نعرہ ہائے تحسین)

(معزز ممبران حزب اختلاف مختلف نعروں پر مشتمل کتبے اٹھائے جناب سپیکر کے ڈائس کے سامنے کھڑے ہو کر مسلسل احتجاج، نعرے بازی کرنے کے ساتھ ساتھ سیٹیاں بجاتے رہے)

جناب سپیکر: چونکہ قرارداد پاس ہو چکی ہے لہٰذا میں تمام معزز ممبران حزب اختلاف سے کہوں گا کہ آپ کا احتجاج ریکارڈ ہو گیا ہے۔لہٰذا اب مہربانی کریں اور اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں تاکہ ہاؤس کی کارروائی آگے چلائی جائے۔تمام معزز ممبران اپنی اپنی سیٹوں پر جائیں، رانا شہباز صاحب آپ بھی اپنی سیٹ پر جائیں۔ معزز ممبران اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں، معزز ممبران سے گزارش ہے کہ اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔Order in , order in the House. the House میں معزز اراکین سے کہہ رہا ہوں کہ اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔ میں معزز اراکین سے کہتا ہوں کہ اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔ Order in the House, order in the House. رانا صاحب! سعدیہ سہیل صاحبہ اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے مسلسل نعرے بازی)

Order in the House. میں معزز اراکین کو کہتا ہوں کہ اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔ آپ لوگوں کا احتجاج ریکارڈ ہو گیا ہے اب براہ مہربانی سیٹی بجانے والی خواتین سیٹیاں بند کریں اور اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھیں یا کم از کم اپنی اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کریں کیونکہ یہاں آگے آ کر سیٹیاں بجا کر احتجاج کرنا کسی طور پر بھی مناسب نہیں ہے۔

جناب شہباز احمد: جناب سپیکر! جو خواتین on the floor of the House سیٹیاں بجا رہی ہیں ان کی دو دو ماہ کی تنخواہ کاٹی جائے اور ان کو پندرہ پندرہ دن کے لئے اسمبلی اجلاس سے باہر کر دیا جائے۔ ان کو اچھے طریقے سے سمجھانا چاہئے کیونکہ ان کی پرورش ٹھیک نہیں ہوئی۔ اس وقت ایوان میں مچھلی منڈی کی صورتحال ہے اگر یہ خواتین ایسے ہی کرتی رہیں تو اس اسمبلی کا چلنا محال ہو جائے گا۔ ان خواتین ممبران کو چاہئے کہ یہ مردوں سے اجتناب کریں۔ ان سیٹیوں کے پیچھے الیکشن کمیشن اور امریکی ایجنڈا ہے۔ یہ توشہ خانہ کی گھڑیوں کی بات کر رہی ہیں اور خود ان کے لیڈر توشہ خانہ سے گاڑیاں اور کلاشنکوفیں لے کر چلے گئے تھے۔ جب تک یہ خواتین سیٹیاں بجانا بند نہیں کریں گی تو یہ اسمبلی کیسے چلے گی۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی مسلسل نعرے بازی)

جناب سپیکر: جناب شہباز احمد! یہ جمہوریت ہے۔ آپ کے پاس اکثریت تھی آپ اپنے قائد کے بارے میں ایک قرارداد لے آئے اور آپ نے وہ قرارداد پاس کرا دی لیکن حزب اختلاف کے پاس احتجاج کا حق تھا تو انہوں نے اپنا احتجاج ریکارڈ کرا دیا ہے۔ اب حزب اختلاف اپنی سیٹوں پر تشریف رکھے ورنہ پھر مجھے rules کے مطابق کارروائی کرنی پڑے گی۔ جناب سمیع اللہ خان! احتجاج کرنا آپ کا حق ہے آپ ضرور احتجاج کریں لیکن یہ سیٹیاں بجانے اور یہ بینرز لہرانے والا کام نہ کریں۔ میں آپ کو دوسری دفعہ کہہ رہا ہوں کہ آپ براہ مہربانی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں اور وہاں کھڑے ہو کر احتجاج کریں۔ آپ کو احتجاج کا پورا حق ہے، یہ جمہوریت ہے لہٰذا آپ احتجاج کریں لیکن احتجاج کرنے کے بھی کچھ قواعد ہوتے ہیں۔ اس سیٹی کلچر سے avoid کریں کیونکہ یہ غیر مہذب حرکت ہے۔

(اذانِ مغرب)

جناب سپیکر: اب میں میاں محمد اسلم اقبال کو دعوت خطاب دوں گا۔ جی، میاں صاحب!

سینئر وزیر برائے ہاؤسنگ شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ / صنعت، تجارت و سرمایہ کاری، فنی ترقی (میاں محمد اسلم اقبال): جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمO بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُO صدق اللہ العظیمO اے اللہ، ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں۔ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔** تمام تر دُرودِ پاک نبی رحمت ﷺ کے لئے جن کی خاطر یہ جہاں بنایا گیا۔

جناب سپیکر: میاں محمد اسلم اقبال دُرودِ پاک پڑھ رہے ہیں آپ دُرودِ پاک میں سیٹیاں نہ بجائیں یہ ریکارڈ پر آ رہا ہے۔

سینئر وزیر برائے ہاؤسنگ شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ / صنعت، تجارت و سرمایہ کاری، فنی ترقی (میاں محمد اسلم اقبال): جناب سپیکر! آج اس ایوان کے اندر جو قرارداد پیش کی گئی اس قرارداد کے اندر ایک ریاستی ادارے کی بدنیتی کو یہاں پر بیان کیا گیا ہے اور پاکستان کے چاروں صوبوں میں سب سے بڑا صوبہ جو 12 کروڑ عوام کی نمائندگی کرتا ہے اس ایوان نے اکثریت کے ساتھ آج قرارداد منظور کی ہے اور اُس قرارداد کے اندر جو متن ہے وہ آپ نے بھی پڑھا ہے، ہم نے بھی سُنا ہے اور لفظ بہ لفظ ہم سمجھتے ہیں کہ اُس کے اندر سچائی دکھائی دیتی ہے کیونکہ الیکشن کمیشن نے beside ہو کر یہ فیصلہ کیا ہے اس لئے آج پورے ہاؤس نے اکثریت کے ساتھ اس فیصلے کو رد کیا ہے۔ جب کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ الیکشن کمیشن اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق فارن فنڈنگ میں تمام پارٹیوں کے کیسز کو سنا جاتا لیکن پہلے دن سے الیکشن کمیشن میں ایک ایسا ماحول پیدا کیا گیا ہے کہ جس میں اس بات کو سامنے نہیں رکھا گیا کہ پاکستان تحریک انصاف جو کہ وفاق کی علامت ہے، جو جمہوریت، آئین اور قانون پر یقین رکھتی ہے اسے single out کیا جا رہا ہے۔ اس کے خلاف ایک فیصلہ دیا گیا جو کہ پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے۔ PTI نہ صرف وفاق میں بلکہ چاروں صوبوں میں بھی اور دونوں اکائیوں میں بھی موجود ہے۔ اس جماعت کو single out کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان تحریک انصاف وہ واحد پارٹی ہے جس نے پاکستان میں ایک نیا سسٹم رائج کیا کہ جس طرح دنیا بھر میں جب پارٹیاں fund

raising کرتی ہیں اسی طرح پاکستان میں بھی تحریک انصاف نے fund raising کے حوالے سے وہ تمام معاملات کئے جو آئین اور قانون کے مطابق تھے۔

جناب سپیکر! آپ یہ بھی دیکھیں کہ باقی جتنی بھی پارٹیاں ہیں ان پارٹیوں میں ایک ہی چیز رائج ہے وہ کیا کرتی ہیں کہ وہ مافیاز کے ذریعے پیسے لیتی ہیں اور اپنی پارٹیز کو چلاتی ہیں۔ پھر جب وہ اقتدار میں آتی ہیں تو ان مافیاز کے آگے bank بیچے جاتے ہیں، بڑے بڑے کارخانے بیچے جاتے ہیں، بڑی بڑی املاک کا جو کہ عوام کہ خون پسینے سے بنتی ہیں وہ کوڑیوں کے بھاؤ ان کو بیچی جاتی ہے۔ اگر آپ پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں تو وہ تمام کے تمام ان مافیاز کو اٹھا کر دے دیتے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے یک طرفہ طور پر ایک پارٹی کو سنا اور کسی پارٹی کو نہیں سنا۔ کیا الیکشن کمیشن کو نظر نہیں آیا کہ جو اپنے گھروں میں گاڑیاں لے کر چلے گئے، جو اپنے گھروں کے اندر ہر چیز لے کر چلے گئے؟ اور زرداری کی حکومت میں اس کو regularize کرواتے رہے وہ الیکشن کمیشن کو نظر نہیں آیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ الیکشن کمیشن نے جانب داری سے کام لیتے ہوئے الیکشن کمشنر نے یہ فیصلہ سنایا ہے۔ یہ تو چور مچائے شور والا معاملہ ہے۔ عدالت نے ان کو مستند چور قرار دیا تھا، ڈاکو قرار دیا تھا اور پاکستان کی سب سے بڑی عدالت نے ان کو چور کہا تھا۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی جانب سے "مریم کا پاپا چور ہے"
اور "پورا ٹبر چور ہے" کی نعرے بازی)

جناب سپیکر! اب پوری دنیا میں جہاں بھی یہ خاندان جاتا ہے وہاں پر ایک ہی آواز آتی ہے---

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی جانب سے "مریم کا پاپا چور ہے"
اور "پورا ٹبر چور ہے" کی نعرے بازی)

جناب سپیکر! یہ بات میں نہیں کہہ رہا overseas پاکستانی بھی یہی کہہ رہے ہیں، ملک میں رہنے والے بھی یہی کہہ رہے ہیں جو آپ کو ایسی بدنامی دے ایسی دولت کا کیا فائدہ۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی جانب سے "مریم کا پاپا چور ہے"
اور "پورا ٹبر چور ہے" کی نعرے بازی)

جناب سپیکر! جب رات گئے عدالت لگی اور عدالت نے الیکشن کمیشن سے پوچھا کہ کیا آپ کی تیاری ہے ؟ تو جواب آیا کہ ہماری تیاری نہیں ہے۔ تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ سالانہ عوام کا اربوں روپیہ لیتے ہو الیکشن کی تیاری کیوں نہیں تھی؟ کیونکہ تم لوگوں نے امپورٹڈ حکومت کے ساتھ مل کر بیرونی سازش کے ذریعے ایک elected آدمی کو گھر بھیجا تھا۔ کیونکہ تمہاری نیت ٹھیک نہیں تھی۔ پھر الیکشن کمیشن سے کہا گیا کہ EVM کے ذریعے الیکشن کروائیں لیکن وہ بھی PDM (پاکستان ڈاکو مومنٹ) کے جو 13 کھلاڑی ہیں انہوں نے یہ بھی نہ ہونے دیا اور وہ الیکشن کمیشن کے ترجمان بن گئے۔ اس کے نتیجے میں EVM کو ختم کر دیا گیا۔

جناب سپیکر! حلقہ بندیوں کی باری آئی پھر اس میں بھی یہی کہا گیا کہ حلقہ بندیاں نہیں ہو سکتیں اور ایک بھی حلقہ بندی کو وہاں entertain نہیں کیا گیا۔ دوسری بات یہ کہ جس کو سپریم کورٹ صادق اور امین کہے آپ اس شخص سے کینہ رکھتے ہیں کیونکہ آپ کے لیڈروں کو تو عدالت نے کہا کہ آپ نہ صرف چور ہیں بلکہ ڈاکو ہیں اور آپ نے پاکستانی عوام کا پیسا لوٹا ہے۔ 17۔ جولائی کے الیکشن میں بھی عوام نے ان تمام پارٹیوں کو منہ توڑ جواب دیا اور اس کے بعد 16۔ اکتوبر کو بھی ایسا ہی ہوا لیکن ان کو پھر بھی شرم نہیں آئی۔ عمران خان وہ واحد لیڈر رہے جس نے پاکستان کا ریکارڈ بنایا کہ وہ جس سیٹ پر بھی کھڑا ہو جائے اس کو کوئی نہیں ہرا سکتا۔ یہ میرے ملک کے اندر انصاف کا گریبان بیچ چوراہے چاک کر دیا گیا۔ یہ مافیاز ہیں اور یہ اکٹھے ہو کر کسی صحیح بندے کو اپنے راستے میں نہیں آنے دیتے۔ اب اس ملک سے عام آدمی کا انصاف سے پاکستان ڈاکو مومنٹ سے اعتبار اٹھ گیا ہے۔ یہ اس طرح کے مستند چور ہیں۔

جناب سپیکر! انہوں نے نیب کے قوانین کے اندر جو تبدیلیاں کیں اس کا ایک خاکہ آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ وہ خاکہ کیا ہے کہ ان کے خاندان کے جتنے چور، ڈاکو، لٹیرے تھے جنہوں نے مال لوٹا تھا۔ تمام کے تمام کو NRO-2 دے دیا گیا۔ وہ ایسے دیا گیا کہ جو سیکشن (21)9 ہے اس کے اندر بیرون ملک سے کوئی بھی ثبوت آئے گا تو قابل قبول نہیں ہو گا لہٰذا مریم آپا کے سارے کیسز اور Calibri font سب ختم ہو گئے۔ اس کے آگے سیکشن 14 کے مطابق مریم کی اثاثوں کی money trail دینے کی ذمہ داری ختم اور نواز شریف کے سارے کیسز ختم۔ اس کے علاوہ اثاثوں کی تعریف ہی بدل دی۔ شہباز شریف اور زرداری کے جعلی TT اور بنک اکاؤنٹس ختم۔

جناب سپیکر! انہوں نے جو اگلا سیکشن تبدیل کرایا وہ متاثرین کی جو حد تھی، اگر کوئی آ جاتا تھا تو اس کی حد سو سے کم کر دی گئی لہذا جو باقی پارلیمنٹیرین تھے ان کے کیسز ختم۔ راجہ پرویز اشرف اور شاہد خاقان عباسی کے کیسز ختم۔

جناب سپیکر! جب انصاف میں طاقت نہیں ہوتی تو پھر چوروں، ڈاکوؤں اور لٹیروں کے پاس طاقت آ جاتی ہے۔ ان کے ہاتھ میں جب طاقت آ گئی ہے اور عمران خان پر الزامات ہیں۔ اگر عمران خان نے فلاحی معاشرہ ریاست مدینہ کی طرز پر بنانے کی بات کی تو اپوزیشن کو تکلیف ہو گئی۔ میں یہی کہتا ہوں کہ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو عمران خان نے تنخواہ دار طبقے پر ظالمانہ ٹیکسوں کا اضافہ کیوں نہیں کیا؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو عمران خان نے دس دس لاکھ روپے کا ہیلتھ کارڈ غریبوں کو کیسے دے دیا؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو پھر کامیاب جوان اور کامیاب پاکستان پروگرام کیسے چلاتے رہے؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو پھر غریبوں کی کورونا کے دوران بارہ سو ارب روپے کی خطیر رقم سے کیسے مدد کی گئی؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو تاریخی لحاظ سے احساس پروگرام کیسے شروع کیا گیا؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو تین بڑے ڈیم کیسے بن گئے؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو لنگر خانے اور پناہ گاہیں کیسے چل رہی تھیں؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو پھر عمران خان نے IMF کے دباؤ کے باوجود پٹرول اور ڈیزل کی قیمت کیوں نہیں بڑھائی؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو پھر بجلی کا یونٹ پانچ روپے سستا کیسے کر دیا گیا؟ اگر خزانہ خالی ہی تھا تو پھر غریب آدمی کے لئے سستا گھر سکیم کیسے شروع کر دی گئی؟

جناب سپیکر! (ن) کا حال یہ ہے اور ان کے لیڈر یہ کہتے ہیں کہ جب ہم اتفاق فاؤنڈری میں کام کرتے تھے تو پھر ٹیپو سلطان کی جو تلوار بنی تھی، جس سے اس نے جنگ آزادی لڑی تھی تو اس تلوار کے اوپر اتفاق فاؤنڈری کی مہر لگی ہوئی تھی اور اباجی یہ کہتے تھے کہ جنہوں نے عالم لوہار کا چمٹا بنا کر دیا تھا تو پاکستان کو اتنا بڑا فنکار ملا۔ وہ فنکار اسی اتفاق فاؤنڈری کی وجہ سے ملا۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اس بات کی سمجھ نہیں آئی کیا کہا ہے۔

سینئر وزیر برائے ہاؤسنگ شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ / صنعت، تجارت و سرمایہ کاری، فنی ترقی (میاں محمد اسلم اقبال): جناب سپیکر! وہ کہتے ہیں کہ ہماری اتفاق فاؤنڈری کے جو اثاثے تھے اور جو ذرائع تھے جن سے اتفاق فاؤنڈری بنی۔ میں وہ ذرائع بتانے کی کوشش کر رہا

ہوں۔ وہ ذرائع یہ تھے کہ ٹیپو سلطان نے جو آزادی کی جنگ لڑی اس کی تلوار کے اوپر اتفاق فاؤنڈری کی مہر تھی۔(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر!عالم لوہار جو چمٹا بجاتا تھا اس کے اوپر بھی اتفاق فاؤنڈری کی مہر تھی۔ اگر اتفاق فاؤنڈری چلتی رہتی تو دنیا کے اندر کسی شخص کے اندر iron کی کمی نہ ہوتی۔

جناب سپیکر! کراؤن کے خزانے کے اوپر جو کنڈی لگی ہوئی تھی وہ بھی اتفاق فاؤنڈری سے بنی تھی۔اس کا مطلب یہ ہو گیا کہ "کنڈی نہ کھڑکا سوہنیا سدھا ای اندر آ"

جناب سپیکر!یہ وہ ذرائع تھے کہ جس کی بنیاد پر انگلینڈ کے اندر فلیٹس بنائے گئے۔اب میں ایک بات کرتا ہوں کہ میرا لیڈر کون ہے۔ میرا لیڈر جدھر دیکھتا ہے قوم ادھر دیکھتی ہے۔وہ پکارتا ہے تو قوم لبیک کہتی ہے۔وہ چلتا ہے تو قوم اس کے پیچھے چلتی ہے کیونکہ قوم جان چکی ہے کہ وہ سچا ہے،وہ حق پر ہے،وہ اپنے خاندان کے لئے نہیں قوم کے لئے لڑتا ہے۔وہ قوم کے لئے لڑ رہا ہے وہ اس قوم کو چھوڑ کر لندن نہیں بھاگے گا۔اس کا جینا مرنا اس ملک میں،اس قوم کے ساتھ ہے۔وہ 20 روپے کے اسٹامپ پیپر پر باہر بھاگ کر نہیں گیا۔اس نے 40۔ارب روپے کے کیسز ختم نہیں کروائے۔وہ جو کہتی تھی کہ میری انگلینڈ کیا پاکستان میں بھی کوئی جائیداد نہیں ہے۔ آج وہ مستند چور،ڈاکو اور لٹیرے مافیا کی شکل میں پھر پاکستان کے اندر متحرک ہیں۔

جناب سپیکر! میری بات سن لیں۔ میں نے آپ سے request کرنی ہے کہ یہ بیرونی ایجنڈا کسی خاص مقصد کے لئے آیا ہے۔ وہ مقصد کیا ہے،وہ مقصد یہ ہے کہ پاکستان کو بھوک اور افلاس میں اتنا دھکیل دیا جائے کہ پھر اس کے ایٹمی پروگرام کے اوپر قدغن لگائی جائے۔(شیم، شیم)

جناب سپیکر!یہ مافیا کیا کرتا ہے،یہ مافیا یہ کرتا ہے کہ کوئی ایک بندہ اٹھ کر ان کے خلاف کلمہ حق کہتا ہے تو یہ کوشش کرتے ہیں کہ اس کو ساتھ ملا لیں۔اگر وہ ساتھ نہ ملے تو اس کو مائنس کر دیں۔یہ ان کی روایت رہی ہے اور ویسے بھی اگر اس طرح مسئلہ حل نہ ہو تو پھر اس کی فلمیں بناتے ہیں۔اس کے بعد آہستہ آہستہ ایک ایک فلم ریلیز کرتے ہیں۔ یہ ہے ان کا معیار اور یہ ہوتا ہے مافیا۔ اٹلی کا مافیا اسی طرح ہی کام کرتا ہے اور انہوں نے بھی اسی طرح ہی اس ملک کو مافیاز کے ذریعے چلانے کی کوشش کی ہے۔میں نے اپنے لیڈر کی جو بات کی ہے اُس کا میں پہرہ دیتا ہوں۔اِن کے سارے لیڈر اکٹھے ہو کر دنیا پھر لیں لیکن ایہناں نوں کوئی دس روپے نئیں دیندا کیوں جے سب

نوں پتا اے کہ ایہہ چور نیں۔ میرا لیڈر دو گھنٹے Telethon کرتا ہے تو 10۔ ارب روپیہ اکٹھا ہوتا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

(معزز ممبران حزبِ اقتدار کی طرف سے "سارا ٹبر چور ہے" کی نعرے بازی)

(معزز ممبران حزبِ اختلاف سپیکر ڈائس کے سامنے مسلسل سیٹیاں بجاتے رہے)

چودھری ظہیر الدین: اِن کی سیٹی پر کوئی بھی نہیں آئے گا۔

سینئر وزیر برائے ہاؤسنگ شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ / صنعت، تجارت و سرمایہ کاری، فنی ترقی(میاں محمد اسلم اقبال): جناب سپیکر! اندازہ کریں کہ پوری قوم اور اوورسیز پاکستانیوں نے رقم دی ہے۔ دنیا کے اندر ان کی کرپشن کے حوالے سے thesis لکھے گئے ہیں جو یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے ہیں کہ یہ کتنے مستند چور اور ڈاکو ہیں۔ یہ سب مستند چوروں کو support کرتے ہیں کیونکہ یہ سب حصہ دار ہیں اور انہیں بھی تھوڑا تھوڑا حصہ ملتا ہے۔ وہ اِن کو حصہ دیتے ہیں تاکہ یہ ان کے پیچھے لگے رہیں اور دُم ہلاتے رہیں۔ یہ اِن کا کام ہے۔ میں آخر پر کل الیکشن کمیشن کی طرف سے آنے والے فیصلہ کی پُرزور مذمت کرتا ہوں اور اس ایوان کی رائے کے مطابق چیف الیکشن کمشنر کو فوری طور پر تبدیل کرنے کا مطالبہ کرتا ہوں۔

(معزز ممبران حزبِ اقتدار کی طرف سے "مریم کا پاپا چور ہے اور پورا ٹبر چور ہے" کی نعرے بازی)

(معزز ممبران حزبِ اختلاف سپیکر ڈائس کے سامنے ہاتھوں میں بینرز
لہراتے رہے جن پر "سرٹیفائیڈ چور عمران خان" تحریر تھا)

جناب سپیکر! اِن کے شور مچانے سے کچھ نہیں ہوگا۔ یہ اپنے لیڈر کا نام لکھ کر لوگوں کو دکھائیں تب لوگوں کو یقین آئے گا کیونکہ اس طرح لوگوں کو یقین نہیں آنا۔ یہ اپنے بینر کے اوپر نواز شریف، مریم نواز، شہباز شریف، حمزہ شریف اور اسحاق ڈار لکھ دیں تو لوگوں کو یقین آجائے گا۔

(معزز ممبران حزبِ اقتدار کی طرف سے "عمران خان، زندہ باد اور
کون بچائے گا پاکستان، عمران خان عمران خان" کی نعرے بازی)

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: Order in the House اب جناب فیاض الحسن چوہان بات کرنا چاہتے ہیں۔

جی، چوہان صاحب!

جناب فیاض الحسن چوہان: جناب سپیکر! میں (ن) لیگ کی مرضی کی بات کرنے لگا ہوں اس لئے یہ ذرا سُن لیں۔ انہوں نے آج اتنی سیٹیاں بجائی ہیں کہ مجھے ڈر لگتا ہے کہ رات کو سوتے ہوئے بھی اِن کی سیٹیاں نکلیں گی لیکن یہ نہیں پتا کہ کہاں سے نکلیں گی۔ ساری دنیا جانتی ہے کہ سلطان مفرور نواز شریف عرف باؤ جی جب یہاں سے بھاگے تھے تو بھاگتے ہوئے اُن کی حالت یہ تھی کہ شاید موت کا فرشتہ ہاتھ میں موت کا سرٹیفکیٹ لے کر اُن کو تلاش کر رہا ہے لیکن وہ اتنا بڑا چور اور دھوکے باز تھا کہ یہاں سے جانے کے بعد لندن کے اندر اُس کے گالوں کی سرخیاں آج ساری پاکستانی قوم دیکھ رہی ہے۔ یہ (ن) لیگ کے ایم پی ایز یہاں پر اپنے لیڈر سلطان مفرور نواز شریف اور بیگم صفدر کی چوریاں بچانے کے لئے بیچارے جوکر بننے پر مجبور ہوئے ہوئے ہیں۔ یہ سیٹیاں بجا بجا کر ثابت کر رہے ہیں کہ یہ ایم پی ایز نہیں بلکہ سرکس کے جوکر ہیں۔ آج ان کے لیڈر نے اِن کو سرکس کا جوکر بنا دیا ہے۔ یہ پاکستان تحریک انصاف اور عمران خان کا مقابلہ سیاست کے میدان میں نہیں کر سکے۔ یہ لوگ جب عمران خان کا مقابلہ عزت اور وقار کے میدان میں نہیں کر سکے تو انہوں نے سوچا کہ جیسے یہ خود چور ہیں جیسے اِن کا لیڈر چور ہے جیسے ان کی قائد چور ہے جیسے ان کے لیڈر کا سارا ٹبر چور ہے یہ دوسروں کو بھی چور ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کو شرم سے ڈوب کر مَر جانا چاہئے کہ سلطان مفرور نواز شریف کی کرپشن کا تذکرہ کینیڈا کی یونیورسٹیوں کے اندر کیا جاتا ہے اور Netflix کے اندر ان کے لیڈر کے خاندان کی کرپشن کی فلم پوری دنیا کے اندر چلائی جاتی ہے۔ آج یہ سیٹیاں مارنے لگے ہوئے ہیں لیکن یہ جا کر چُلّو بھر پانی لیں اور اس میں جا کر ڈبکیاں لگائیں۔ عمران خان عزت کا نام ہے، عمران خان راحت کا نام ہے، عمران خان وقار کا نام ہے، عمران خان ہیرو کا نام ہے اور عمران خان پاکستان کا ہیرو ہے۔ وہ سلطان مفرور نہیں ہے جو لندن میں چوروں کی طرح چُھپ کر بیٹھا ہوا ہے۔ عمران خان کے اوپر ایک نہیں بلکہ 20 کیس ہوئے ہیں لیکن وہ جرات مند آدمی ہے جو پاکستان کے اندر موجود ہے اور یہاں سے بھاگا نہیں ہے۔ اِن کی ایک لیڈر بیگم صفدر بھاگی اور دوسرا لیڈر پچھلے تین سالوں سے باہر بیٹھا ہوا ہے جو

بڑھکیں مارتا ہے کہ ہم بھاگنے والے نہیں ہیں۔ پاکستان کا بڑا لطیفہ یہ ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا بزدل اور چور سلطان مفرور نواز شریف باہر بھاگ کر دعوے اور نعرے لگاتا ہے کہ ہم بھاگنے والے نہیں ہیں۔ یہ عقل کے اندھے، فکر کے لولے اور دانش کے لنگڑے یہ سمجھتے ہیں کہ عمران خان کو نااہل قرار دے دیں گے تو اِن کی بھول ہے کیونکہ اِن کا باپ بھی عمران خان کو نااہل قرار نہیں دلوا سکتا۔ عمران خان اِنشاء اللہ بحال ہو گا اور two third majority کے ساتھ پاکستان کا وزیر اعظم بن کر ان کے لیڈر کے خاندان کے سینے پر move کرے گا۔ میں آخر میں (ن) لیگ کی لیڈر شپ کو خراج تحسین پیش کروں گا کہ بیچاری حنا پرویز بٹ اور عظمیٰ بخاری کی طرح کی انتہائی decent خواتین کے منہ میں سیٹیاں دلوا دیں لہٰذا شرم سے ڈوب مرو۔ اتنے decent اور خوبصورت چہروں کو جوکر، سرکس کا گھوڑا، بندر اور بکرا بنا دیا ہے اس لئے یقین کریں کہ رونے کو دِل کرتا ہے۔ کم از کم بیچاری عظمیٰ بخاری تو سوچ لے۔ حنا پرویز بٹ یہاں کھڑی ہے جو decent اور سمجھدار ہے، وہ عزت اور وقار کے ساتھ کھڑی ہے اور سیٹیاں نہیں مار رہی۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبر حزبِ اختلاف ملک محمد وحید سپیکر ڈائس کے سامنے گھڑی لہرا کر دکھاتے رہے)

MR SPEAKER: Order please, order please.

جناب فیاض الحسن چوہان: (ن) لیگ والو، خدا کا واسطہ ہے کہ اقتدار اور کرسیوں کی خاطر اپنے آپ کو اتنا نیچے مت گراؤ۔ ملک وحید کا چھ فُٹ قد ہے لیکن بیچارا جوکر بنا ہوا ہے۔ انہیں شرم سے ڈوب مَرنا چاہئے۔ انہوں نے پاکستان کی سب سے بڑی اسمبلی کو جوکر بنا دیا ہے۔ آج پوری پنجاب اسمبلی کا اعلان ہے کہ:

صلح ہو یا جنگ ہو، عمران خان کے سنگ ہو
سب ہمیں پسند ہے، خون ہو یا رنگ ہو

جناب سپیکر: Order in the House۔ اب احتجاج بھی ہو گیا اور سیٹیاں بھی بج گئیں۔ آپ لوگ اگر اس قرارداد کے خلاف بات کرنا چاہتے ہیں تو بات کریں۔

رانا محمد اقبال خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: رانا صاحب! آپ بات کریں اور آپ کو بات کرنے کا موقع دیتے ہیں لیکن اس طرح احتجاج نہ کریں۔

جناب محمد اشرف رسول: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ بات کریں کورم پورا ہے۔

ملک محمد وحید: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے اس لئے پہلے کورم پورا کریں پھر ہم بات کریں گے۔

جناب سپیکر: معزز ممبران حزب اختلاف سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں تا کہ گنتی کی جائے۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف سپیکر ڈائس سے پیچھے ہٹ کر اپنی اپنی نشستوں پر چلے گئے)

جناب سپیکر: کورم پورا ہے۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! گنتی کس نے کی ہے؟ یہ کیا مذاق ہے اور کیسا مذاق ہے؟

جناب سپیکر: کورم کے لئے ابھی ہم نے گنتی کی ہے اور کورم پورا ہے۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! میں دوبارہ کورم کی نشاندہی کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: میں رانا محمد اقبال خان کو floor دیتا ہوں تا کہ وہ اپنی بات کر لیں۔ جی، رانا صاحب!

رانا محمد اقبال خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہ ہے اس لئے پہلے کورم پورا کریں پھر میں بات کروں گا۔

جناب سپیکر: رانا صاحب! کورم پورا ہے آپ بات کریں۔ آپ نے اس قرارداد کے خلاف بات کرنی ہے تو آپ سینئر ہیں اور آپ بات کریں۔

رانا محمد اقبال خان: جی، نہیں۔ ایسے میں نے قرارداد کے خلاف بات نہیں کرنی پہلے آپ کورم پورا کریں۔

جناب سپیکر: رانا صاحب کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے قرارداد کے خلاف بات نہیں کرنی۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! اس Chair کا ہی کچھ خیال کریں کیونکہ کورم پورا نہیں ہے اور آپ کورم پورا کریں۔

جناب سپیکر: اس وقت ہاؤس میں تقریباً 100 ممبر موجود ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے دوبارہ جناب سپیکر کے ڈائس کے سامنے آکر "کورم پورا کرو" کی نعرے بازی)

جناب سپیکر: آپ Chair کو dictate نہیں کر سکتے۔ No, no آپ پہلے بیٹھیں گے تو پھر کورم کے لئے گنتی ہو گی۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے پہلے کورم پورا کریں۔

جناب سپیکر: جی، نہیں۔ کورم پورا ہے اور پہلے آپ اپنی نشستوں پر بیٹھیں گے تو کورم پورا کریں گے۔ جب تک آپ اپنی نشستوں پر نہیں بیٹھیں گے تو اس وقت تک کورم کے لئے گنتی نہیں ہو گی۔

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! گنتی کروائیں کیونکہ کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ مجھے dictate نہیں کر سکتے۔ آپ پہلے اپنی نشستوں پر بیٹھیں پھر گنتی کروائیں گے۔ اس طرح نہیں ہو گا۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! پہلے کورم پورا کریں۔

جناب سپیکر: سمیع اللہ خان صاحب! ایسے نہیں ہو گا۔ پہلے معزز ممبران اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھیں تو پھر گنتی کروائی جائے گی۔ اب میں وزیر مواصلات و تعمیرات جناب علی افضل ساہی کو floor دیتا ہوں کہ وہ قرارداد پر بات کریں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (جناب علی افضل ساہی): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! شکریہ۔

خون مظلوم نہیں زیادہ بہنے والا
ظلم کا دور بہت دِن نہیں رہنے والا
اِن اندھیروں کا جِگر چیر کے نُور آئے گا
تُم ہو فرعون تو مُوسیٰ بھی ضرور آئے گا

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ایک فیصلہ 16-اکتوبر کو پاکستان کی عوام نے دیا۔ پاکستان کی عوام نے کیا فیصلہ دیا کہ انہوں نے imported حکومت کو یکسر مسترد کر دیا اور پھر ایک فیصلہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے دیا جس پر کسی کو کوئی تعجب نہیں ہوا اور کوئی حیرانگی نہیں ہوئی کیونکہ حیرانگی اور تعجب تو تب ہوتا جب الیکشن کمیشن کا فیصلہ آئین اور قانون کے مطابق ہوتا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان PDM کی B ٹیم بن گیا ہے۔

جناب سپیکر! انسانوں میں انا فطری امر ہے لیکن جب اداروں میں انا آجائے تو پھر ملکی ترقی میں۔۔۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: خان صاحب! آپ پہلے اپنی نشستوں پر بیٹھیں۔ کورم پورا کروانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ یہاں کھڑے رہیں گے تو گنتی کا نہیں کہوں گا۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (جناب علی افضل ساہی): جناب سپیکر! میں یہ کہہ رہا تھا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے پر کسی کو کسی قسم کا تعجب نہیں ہوا۔ پاکستان کی عوام نے یہ فیصلہ یکسر مسترد کر دیا ہے۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! ایک منٹ کے لئے آپ بیٹھیں کیونکہ کورم کی نشاندہی کی گئی ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف جناب سپیکر ڈائس سے
اپنی اپنی نشستوں پر واپس جانے لگے)

جناب سپیکر: کورم پورا ہے لہٰذا منسٹر صاحب اپنی بات جاری رکھیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (جناب علی افضل ساہی): جناب سپیکر! الیکشن کمیشن کے فیصلے کو عوام نے یکسر مسترد کر دیا اور یہ صرف پاکستانی عوام نے ہی مسترد نہیں کیا اور یہ فیصلہ صرف پارٹی کارکنوں نے ہی مسترد نہیں کیا بلکہ اس فیصلے کو قانون کے رکھوالے وکلاء نے بھی مسترد کیا ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی کثیر تعداد "چور چور"، "مک گیا تیرا شو نیازی گو نیازی گو" کے نعرے لگاتے ہوئے ایوان سے واک آؤٹ کر گئی)

جناب سپیکر! یہ فیصلہ کیوں مسترد ہوا اور لوگوں کا اتنا reaction اس پر کیوں آیا کیونکہ پاکستانی عوام سمجھتے ہیں کہ imported سرکار ان کے مسائل کی ترجمانی نہیں کر سکتی۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ 35 سال پنجاب میں حکمرانی کے بعد بھی یہ حکمران ایک بھی ایسا ہسپتال نہیں بنا سکے جہاں پر اپنا علاج کروا سکیں۔ 35 سال پنجاب پر حکمرانی کے بعد ایک ایسی یونیورسٹی نہیں بنا سکے جہاں پر اپنے بچوں کو پڑھا سکیں۔

جناب سپیکر! اِن کی اولادیں باہر، اِن کی جائیدادیں باہر اور یہ صرف حکمرانی کرنے کے لئے پاکستان میں آتے ہیں۔ پاکستانی عوام نے انہیں اس لئے مسترد کیا کہ وہ بابا بُلھے شاہ کی نصیحت پر عمل کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ:

کاغذ اُتے اگ نہ رکھیں
پاغل دے سر پگ نہ رکھیں
بُلھے شاہ دی من لے سنگیا
ملک دا راکھا ٹھگ نہ رکھیں

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ کسی غلط فہمی میں نہ رہیں کیونکہ پاکستانی عوام اپنے لیڈر عمران خان صاحب کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستانی لوگ اور پاکستانی عوام یہ جانتے ہیں کہ انہیں عمران خان صاحب کی صورت میں ایک اہل، دیانت دار اور محب وطن قیادت میسر آئی ہے۔ عمران خان وہ واحد لیڈر رہے جو نہ کبھی جُھکا ہے، نہ اس نے پاکستانیوں کو کبھی جُھکنے دیا ہے، جس نے نہ کبھی اپنے ضمیر کا سودا کیا ہے، نہ پاکستانیوں کی بولیاں لگائی ہیں بلکہ خان صاحب نے ہمیشہ اپنے خوابوں کی تعبیر پائی ہے اور انشاء اللہ اسی طرح وہ پاکستانی قوم کے خواب ٹُوٹنے نہیں دیں گے۔ میں انہیں متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ جو نتیجہ

16۔ اکتوبر کو آیا اس سے پہلے جو نتیجہ 17۔ جولائی کو آیا تو یہ نوشتہ دیوار ہے کہ ان لوگوں کا یوم حساب آنے لگا ہے۔ بقول فیض احمد فیض صاحب:

ہر ایک اُولی الامر کو سزا دو
کہ اپنی فرد عمل سنبھالے
اُٹھے گا جب جمِ سر فروشاں
پڑیں گے دار و رسن کے لالے
کوئی نہ ہو گا کہ جو بچا لے
جزا سزا سب یہیں پر ہو گی
یہیں عذاب و ثواب ہو گا
یہیں سے اُٹھے گا شورِ محشر
یہیں پہ روزِ حساب ہو گا

(نعرہ ہائے تحسین)

کورم کی نشاندہی

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، کورم کی نشاندہی کی گئی ہے لہٰذا گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اقتدار کی طرف سے " اگلی واری فیر نیازی" کی نعرے بازی)

جناب سپیکر: جی، کورم پورا ہے۔ اب چودھری ظہیر الدین بات کریں گے۔ جی، چودھری صاحب!

چودھری ظہیر الدین: جناب سپیکر! شکریہ۔ آج کی قرارداد کے ذریعے 12 کروڑ عوام نے یہاں پر اپنا مافی الضمیر پیش کر دیا ہے اور میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔ پہلے کورم تو پورا کر لیں۔

چودھری ظہیرالدین: جناب سپیکر! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ قرارداد مذمت اس بات کا آئینہ ہے کہ یہاں سے جو چور بھاگ کر گئے ہیں اور وہ چور انہی فلیٹس میں بیٹھ کر یہ ذکر کرتے ہیں کہ یہ فلیٹس ہمارے نہیں ہیں، ہم تو جانتے بھی نہیں ہیں جبکہ وہ وہاں ہی رہتے ہیں اور وہاں رہ کر حکومت کر رہے ہیں۔

محترمہ راحیلہ نعیم: جھوٹ، جھوٹ، جھوٹ۔۔۔

چودھری ظہیرالدین: جناب سپیکر! پبلو نرودا نے کہا تھا کہ:

کہو تم وزارت میں جانے سے پہلے
دکھاؤ ہمیں اعمال نامے
قیامت کے دن اور خدا پر نہ چھوڑو
قیامت سے یہ لوگ ڈرتے نہیں ہیں
اسی چوک پہ لوگ لُٹتے رہے ہیں
اسی شہر میں لوگ لُٹتے رہے ہیں
اسی شہر میں شہبازوں کو سزا دو
نوازوں کو سزا دو

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ۔۔۔(شور و غل)

جناب سپیکر: پلیز، خاموشی اختیار کریں۔

چودھری ظہیرالدین: جناب سپیکر! آپ نے مجھے اجازت دی ہے اس لئے میری معروضات کو مکمل ہونے دیں۔

جناب سپیکر: چودھری صاحب! آپ بات کریں۔(شور و غل)

چودھری ظہیرالدین: جناب سپیکر! یہاں پر middle class کے لوگ اور lower class کے لوگ دوائیوں کی وجہ سے مر جاتے تھے۔ عمران خان نے جو ہیلتھ کارڈ دیا ہے اس سے لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کے بچے اور ان کی بیویاں مستفید ہو رہی ہیں۔۔۔(شور و غل)

(اس مرحلہ پر محترمہ زیب النساء مسلسل سیٹیاں بجاتی رہیں)

جناب سپیکر: میری ممبران سے گزارش ہے کہ خاموشی اختیار کریں۔

چودھری ظہیر الدین: جناب سپیکر! آپ اندازہ کیجئے کہ جس دن خان نے یہ کہا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے ساتھ discrimination ہو رہی ہے کہ نہ ان کو گندم دی جا رہی ہے نہ گندم خرید کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ میں آپ کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آپ نے ان کی بد تمیزی نہایت تحمل کے ساتھ برداشت کی۔ آج یہاں سیٹی کلچر پیش کیا گیا لیکن پھر بھی آپ نے تحمل کا مظاہرہ کیا ہم یہاں آپ کو role model سمجھتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف واک آؤٹ کر کے ایوان سے باہر تشریف لے گئے)

جناب سپیکر: چودھری صاحب! آپ بات کریں۔

چودھری ظہیر الدین: جناب سپیکر! اِس وقت پوزیشن یہ ہے کہ چودہ کی چودہ جماعتیں مل کر بھی ایک خان سے ڈر رہی ہیں حالانکہ وہ آرام سے بیٹھا ہوا ہے۔ عربی کی کہاوت ہے کہ "اونٹ بیٹھ بھی جائے تو کتوں سے اونچا ہوتا ہے"۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یہ سب کے سب اڈیالہ جیل کا مال ہیں۔ جتنی مرضی amendments کر لیں، ساری amendments، ساری معافیاں سمیت یہ لوگ جیلوں کے اندر جائیں گے اور ان کو رہا نہیں کیا جائے گا چاہے ان کی کوئی گارنٹی دینے کے لئے کہے، چاہے کوئی ضمانت دینے کے لئے کہے۔ وہ کہتا تھا کہ میں اس کا پیٹ پھاڑ کر پیسے نکالوں گا۔ وہ جس کا پیٹ پھاڑنے کے لئے کہتا رہا ہے اُسی کے پیٹ کے لئے تیتر روسٹ کر کے لے کر جاتا ہے۔ اِن کو شرم نہیں آتی۔ شہباز شریف سے زیادہ بے شرم انسان نہ اس پنجاب میں پیدا ہوا اور نہ ہی آئندہ ہو گا۔ وہ سب سے زیادہ بے شرم اور بے حیا انسان ہے ۔ خان نے اپنی زندگی targeted گزاری ہے۔ اس نے جو target مقرر کیا اللہ تعالیٰ نے اس کا وہ target پورا کیا۔ خواہ وہ کھیل کا میدان تھا، خواہ وہ صحت کا میدان تھا، خواہ وہ تعلیم کا میدان تھا اور خواہ اب سیاست کا میدان ہے۔ کچھ لوگ کسی بات پر اعتراض کرتے ہیں تو ہم اُن کو کہتے ہیں کہ خدا کے لئے آپ خان کی بات مان لیں کیونکہ اللہ نے اُن کی بات کو سچ کر دینا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)

خان صاحب! اس قوم کو آپ سے امیدیں ہیں۔ لوگوں کو پتا تھا کہ خان نے اسمبلی میں نہیں بیٹھنا پھر بھی یہ اتنا فرق ڈال کر آئے۔ فیصل آباد میں پہلے عابد شیر علی 1300 ووٹوں سے ہارا تھا

اور اب لوگوں نے 25 ہزار ووٹوں سے ہرایا ہے۔ ان کا ہر دن بُرا گزر رہا ہے۔ ہر آنے والا دن ان کے لئے تاریکیاں لے کر آ رہا ہے، ہر آنے والا دن ان کے لئے بیماریاں لے کر آ رہا ہے۔ ان کو platelets کا نہیں پتا نواز شریف کہتا ہے کہ میرے platelets low تھے۔ اس کو اس کے مطلب کا بھی نہیں پتا کہتا ہے کہ جو low ہوتا ہے وہ low ہی ہوتا ہے۔ ہمارے سابقہ چیف منسٹر صاحب نے قرارداد پیش کی اور ہمارے سینئر منسٹر اور علی اختر صاحب نے جو تقریر کی میں کہتا ہوں کہ انہوں نے اس قرارداد میں جان ڈال دی ہے۔ اس جاندار قرارداد کے ذریعے ہم اس پر عمل کریں گے اور آپ کی وساطت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اب ہم خان کی خاطر جان بھی دیں گے، خان کے لئے مال بھی دیں گے اور بقول فیض احمد فیض کے کہ:

تھوہر گڈ کے پھل گلاب منگو
اَک چو کے شہد شراب منگو
تُساں کیتیاں نیں، تُساں بھگتناں ایں
آپے ویلے سر پچھنا گچھنا سی
ہُن کسے تھیں کیہ حساب منگو

(نعرہ ہائے تحسین)

پاکستان زندہ باد

جناب سپیکر: میں پہلے ایک بات کرنا چاہوں گا اس کے بعد میاں محمود الرشید صاحب پھر مسرت جمشید چیمہ صاحبہ اور پھر راجہ بشارت صاحب اس کو wind up کریں گے۔ اس ہاؤس کا تقدس گورنمنٹ اور اپوزیشن کی مشترکہ ذمہ داری ہوتی ہے۔ یہ میرے بھائی ہیں اور میرے لئے نہایت قابل احترام ہیں 70 سالہ دور میں اس ہاؤس میں پولیس کبھی نہیں آئی تھی لیکن انہوں نے یہاں پولیس بلوائی، انہوں نے ایم پی ایز کے بازو مروڑے اور انہوں نے معزز ممبران کے ساتھ وہ حرکتیں کی جو نہیں کرنی چاہئے تھیں۔ آپ سارے گواہ ہیں میں نے ان کو صرف یہ کہا کہ آپ اپنی سیٹوں پر بیٹھ جائیں آپ کا احتجاج ریکارڈ ہو گیا ہے لیکن یہ مناسب بات نہیں ہے کہ خواتین کے منہ میں سیٹیاں دے کر کہا جائے کہ وہ سیٹیاں بجاتی جائیں۔ یہ رویہ ان کی اپنی پارٹی کے خلاف جاتا ہے اور ممبران کی عزت اور وقار کے بھی خلاف جاتا ہے۔ احتجاج کرنا ان کا حق ہے۔ قرارداد تو وہی

پاس ہونی ہے جس کی اکثریت ہو گی۔ یہ اکثریت میں نے تو نہیں بنائی یہ اکثریت ممبران الیکشن کے ذریعے سے لے کر آئے ہیں۔ اکثریت ساری عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے اور عوام عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم اس کو تبدیل تو نہیں کر سکتے۔ اکثریت کہتی ہے کہ ہم اس قرارداد کے حق میں ہیں اور اسی کا نام جمہوریت ہے۔ راجہ صاحب! جس طرح آپ لوگوں نے 16۔جولائی والا الیکشن کر کے حالات کو پلٹ دیا، اِدھر والے اُدھر چلے گئے اور اُدھر والے اِدھر آ گئے اس وجہ سے ان کے دل میں کچھ ناراضگیاں ہیں لیکن ہم جمہوری لوگ ہیں ہمیں ان کو democratic طریقے سے ماننا چاہئے۔ صمصام بخاری صاحب! میں آخر میں یہ کہوں گا کہ ایک بات یاد رکھیں کہ "Man proposes God disposes" یہاں فیصلے کچھ ہوتے ہیں اور اللہ کے فیصلے کچھ ہوتے ہیں۔ ہم جمہوری لوگ ہیں ہم اللہ کے فیصلوں کو قبول کریں۔ جی، ہاشم صاحب! اب آپ بولیں۔

وزیر آبپاشی (جناب محمد ہاشم ڈوگر): جناب سپیکر! آپ کا بے حد شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ قرارداد کے حق میں بہت اچھا اظہار خیال ہو گیا ہے۔ میرا اس اسمبلی میں یہ پہلا tenure ہے اور جو کچھ ہلڑ بازی اُس طرف کے لوگوں نے کی ہے اور اب وہ اس کے عادی ہو گئے ہیں اگر اُن کو روکا نہیں جائے گا تو پھر یہ بڑھتے ہی چلے جائیں گے۔ آج یہ سیٹیاں لے کر آ گئے میرا خیال ہے کہ یہ سارا کچھ CCTV میں محفوظ بھی ہے اگر آج آپ ان کو نہیں روکیں گے تو اگلی بار یہ بینڈ باجے لے کر آ جائیں گے جیسے ہم اِن کی بارات میں جا رہے ہیں۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ ان کو whatever punishment you can give تاکہ آئندہ سے یہ سیٹیاں نہ بجائیں۔ ٹھیک ہے کہ لوگ احتجاج کرتے ہیں اور ماضی میں ہمارے لوگ جب اپوزیشن میں تھے وہ بھی احتجاج کرتے رہے ہیں۔ احتجاج یہی ہوتا ہے کہ آپ کے ڈیسک کے سامنے کھڑے ہو جائیں، نعرے لگا لیں۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا مطلب ہے کہ سیٹی کلچر کو ختم ہونا چاہئے۔

وزیر آبپاشی (جناب محمد ہاشم ڈوگر): جناب سپیکر! آج آپ سیٹی کلچر پر کوئی نوٹس لیں۔

جناب سپیکر: اس پر resolution لے آئیں اور اس پر نوٹس بھی لیتے ہیں۔

وزیر آبپاشی (جناب محمد ہاشم ڈوگر): جناب سپیکر! اگر نوٹس نہ لیا گیا تو پھر یہ غلط precedent set ہو جائے گا۔ آج انہوں نے جو کیا ہے اس بارے میں اب آپ ہی حکم دیں گے ہم اِن میں سے کسی کو بولنے کا موقع نہیں دیں گے۔ جو آج انہوں نے کیا ہے اس کا ان کو خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

جناب سپیکر: بالکل ٹھیک ہے۔ ملک صاحب! پہلے میاں محمود الرشید بات کر لیں ان کے بعد محترمہ مسرت جمشید چیمہ پھر آپ اور آخر میں راجہ صاحب بات کریں گے۔ جی، میاں محمود الرشید!

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (میاں محمود الرشید): جناب سپیکر! شکریہ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن نے جو آج رویہ اختیار کیا وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ ایک قرارداد آئی اس پر جو ان کا point of view ہے، یہاں آپ موقع دے رہے تھے، ٹریژری بنچوں کو بھی موقع ملا اور اپوزیشن کو بھی یقیناً موقع ملنا تھا۔ وہ یہاں پر کھل کر اظہار خیال کرتے جو بھی ان کا point of view ہے، ان کی پارٹی کا مؤقف ہے یا ان کا اپنا مؤقف ہے on the floor of the House وہ بات کرتے تو وہ زیادہ authentic ہوتی۔ یہاں پر ہلڑ بازی کر کے اور سیٹیاں بجا کے یہ کوشش کی ہے کہ یہاں کوئی بات نہ کرے۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! رانا محمد اقبال صاحب ہمارے معزز سابق سپیکر صاحب ہیں میں نے انہیں کہا کہ آپ اپنا point of view دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے point of view دینا نہیں ہے۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (میاں محمود الرشید): جناب سپیکر! کل کے دن جو فیصلہ ہوا ہے وہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ہمیشہ سیاہ حروف میں لکھا جائے گا اور سیاہ فیصلے کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ کبھی دنیا میں اس طرح بھی ہوا ہے کہ ملک کا سب سے popular leader اور ملک کی سب سے بڑی جماعت کا سربراہ، جسے آپ میدان کے اندر شکست نہ دے سکے اور پے در پے انہوں نے دیکھ لیا، انہوں نے پنجاب میں ضمنی انتخاب میں دیکھ لیا، انہوں نے کس بُرے طریقے سے اور دھونس دھاندلی سے یہاں پر اپنی حکومت قائم کی جس کو ہم نے legitimize کبھی بھی نہیں سمجھا اور عدالتوں کے اندر اس پر مقدمات بھی تھے لیکن by election کے اندر جس طرح سے پنجاب کے لوگوں نے بڑا واضح فیصلہ دیا اور یہ پاکستان کی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ دو تین ماہ کے بعد دوبارہ

come back ہوا ہو کہ یہ صحیح بات تھی۔ پنجاب کے لوگ عمران خان کے ساتھ تھے، وہ PTI کے ساتھ تھے یہاں پر دوبارہ PTI کی حکومت بنی۔ یہاں ہمارے مسلم لیگ(ق) والے coalition partner ہیں اوراسی طرح مسلم لیگ(ق) کی حکومت بنی۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! اس کے بعد انہوں نے قومی اسمبلی کے حلقے چن کر جو یہ سمجھتے تھے کہ یہ حلقے بدترین ہوسکتے ہیں اور ان کے لئے favorable ترین ہوسکتے ہیں ان سب نے سر جوڑ کر اور بیٹھ کر اس کو list out کیا اور ان میں سے ان کے resign accept کرکے کہا کہ by election میں آجائیں۔ ہم نے اس challenge کو قبول کیا اور وہ الیکشن آج سے چند دن پہلے ہوا اور پوری دنیا نے دیکھا کہ کس طرح سے بھان متی کا یہ کنبہ چاروں شانے چت ہوا اور عمران خان پھر تین چوتھائی اکثریت سے یعنی تقریباً 8 میں سے 7 سیٹوں پر جیتے۔ کراچی میں جو ہوا وہ بھی ہماری جیت ہے اور وہ ہماری شکست نہیں ہے۔ اس کے ساتھ والے حلقے سے عمران خان چالیس ہزار کے ووٹوں کی اکثریت سے جیت رہے ہیں اور ایک حلقہ پرے وہ ہزاروں ووٹوں کی lead سے ہار رہے ہیں۔ اس الیکشن کے نتائج کو ہم نے challenge بھی کیا ہے۔ جب یہ بھی دیکھ لیا کہ جمہوری طریقے سے، انتخابات کے ذریعے سے عمران خان کو اللہ کی مدد شامل حال ہوتے ہوئے دنیا کی کوئی طاقت آئندہ انتخاب جیتنے سے روک نہیں سکے گی تو یہ technical طریقہ اختیار کیا گیا کہ انہیں راستے سے ہٹایا جائے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو فیصلہ الیکشن کمیشن نے کیا یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کرنے کا اختیار ہی نہیں رکھتا۔ اس کے بارے میں سپریم کورٹ پہلے rolling دے چکی ہے اور انشاءاللہ آئندہ ایک دو دن میں جب یہ فیصلہ تحریر ہو کر آئے گا، ابھی تک الیکشن کمیشن کی بدنیتی دیکھیں کہ وہ فیصلہ ابھی تک جاری نہیں کیا، فیصلہ announce کر دیا لیکن فیصلہ جاری نہیں کیا کہ اگر وہ فیصلہ جاری ہو گا تو ہم اسے اعلیٰ عدالتوں میں challenge کریں گے اور انشاءاللہ یہ جو نااہلیت الیکشن کمیشن نے declare کی ہے یہ نااہلیت ختم ہوگی۔ یہ بھی کہیں دنیا میں نہیں ہوا کہ آپ عمران خان کے توشہ خانے کے چند ہزار کے تحائف کو اربوں روپے کی ڈکیتی کے ساتھ برابر کر دیں۔ حمزہ شہباز 14۔ ارب روپیہ اور شہباز شریف 26۔ ارب روپیہ ان کے اکاؤنٹ سے یہ رقوم نکلیں ہیں، گواہ موجود ہیں، لوگ اعترافی بیان دے چکے ہیں اور money laundering کی بدترین مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں بلکہ دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ آپ ان criminals کو پکڑ کر ایک کو وزیراعلیٰ بنا دیں اور ایک کو وزیراعظم بنا دیں۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس بُرے طریقے سے آج یہ اس ملک کو چلارہے ہیں جن کے بارے میں انہوں نے یہ تاثر دیا تھا کہ ان کے آتے ہی ملک کے مسائل حل ہو جائیں گے، مہنگائی ختم ہو جائے گی، ڈالر کنٹرول میں آجائے گا اور یہاں ہر طریقے سے بڑی آسودگی آجائے گی اور لوگوں کے مسائل حل ہوں گے لیکن انہوں نے اس ملک کی اکانومی کا بیڑا غرق کر دیا ہے، اس ملک کی صنعت کا بیڑا غرق کر دیا اور اس ملک کی تجارت کا بیڑا غرق کر دیا۔ آج انڈسٹری بند ہو رہی ہے، لاکھوں لوگ بے روزگار ہو رہے ہیں، آج عام آدمی کو زندگی جینے کے لئے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ بلز دیکھتے ہی آدمی پریشان ہو جاتا ہے، بجلی کے بلز، گیس کے بلز اور خورد ونوش اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں تو یہ جو شہباز شریف کو یہاں سے بھجوایا کہ تم وزیر اعظم بن جاؤ اور جاتے ہی اس ملک کی اکانومی کو اور اس ملک کے حالات کو ٹھیک کر دو گے لیکن وہ بوکھلائے ہوئے ہیں آپ پریس کانفرنسز اور پروگراموں میں ذرا ان کی شکل دیکھیں تو وہ مکمل طور پر فیل اور مکمل طور پر expose ہو چکے ہیں۔ اور کیا خوب کسی شاعر نے کہا تھا کہ:

برباد گلستان کرنے کو بس ایک ہی اُلو کافی تھا
ہر شاخ پہ اُلو بیٹھا ہے انجام گلستان کیا ہو گا
(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! یعنی 72 سے 74 سپیشل اسسٹنٹ، ایڈوائز اور وزیر بنائے ہوئے ہیں جن کے پاس محکمے کوئی نہیں ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک ایسا popular leader جس نے 25 سال محنت کی ہے، عمران خان سونے کا چمچہ لے کر کسی feudal کے ہاں پیدا نہیں ہوا اس کی پشت پر کوئی انٹرنیشنل بڑی قوتیں نہیں تھیں، اس کی پشت پر عوام آئی اور کب آئی؟ 20 سے 25 سال اس نے اس ملک کا کریہ کریہ، نگر نگر، شہر شہر اور گاؤں گاؤں گھوم کر لوگوں کو بیدار کیا، لوگوں کو جھنجھوڑا، لوگوں کے دلوں پر دستک دی، لوگوں کو کھڑا کیا کہ تمھارا ملک ڈوب رہا ہے، تمھارا ملک تباہ ہو رہا ہے اٹھو اور اپنے ملک کو بچا لو پھر اس کے بعد جا کر لوگوں نے عمران خان کی طرف دیکھا اور عمران خان جب کامیاب ہو کر آئے تو اِن سب کی نیندیں اڑ گئیں۔ یہ سارے لوگ ویسے اکٹھے نہیں ہوئے، یہ سارے چور اور ڈاکوؤں کٹہرے میں تھے اور عمران خان نے احتساب کا نعرہ لگا کر لوگوں کو بتایا کہ ان لوگوں نے جو اربوں اور کھربوں روپیہ لوٹا ہے ان سے میں وہ واپس لے کر

آؤں گا اور احتساب پر کوئی compromise نہیں ہو گا۔ عمران خان نے آج یہ ثابت کر دیا ہے اور انہوں نے اپنی وزارت عظمیٰ کو پاؤں کی ٹھوکر پر رکھا لیکن کوئی NRO نہیں دیا اور نہ ہی وہ آئندہ کوئی NRO دے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

